بشر حسین ناظم

بہ بارگاہِ سید الشہداء سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

رسول اعظم کے عمِ اکرم شہِ شہیداں امیر حمزہ
شہِ تہوّر ، مہِ شہامت امیرِ میراں امیر حمزہ

تو جاں نثارِ نگارِ بطحا، فدائے حق گل عذارِ بطحا
تو نورِ چشم و چراغِ ہاشم، وفا کے ارماں امیر حمزہ

تو گلشنِ اِرتضا کی خوشبو، تو گلستانِ رَجا کی خوشبو
تو باغِ ارضِ صفا کی خوشبو نشانِ ایماں امیر حمزہ

فلک سلامی مَلَک سلامی سماک قرباں، سمک سلامی
ہے تیرے مضجع پہ نور افشاں، صفا کی افشاں امیر حمزہ

شہِ شہیداں لقب ہے تیرا، جو تجھ کو پیارے نبی نے بخشا
نبی کی الفت تھی تیری مایا، وقار عرفاں امیر حمزہ

سحابِ رحمت وجود تیرا، مثالِ امطار جود تیرا
ملائکہ میں ہیں تیرے چرچے ، خیاں بداماں امیر حمزہ

اُحد کے میدان کے بہادر، ہیں تجھ پہ واری جہان کے حُر
سکھائے تو نے ثبات کے گُر ، حبیبِ رحماں امیر حمزہ

ضریح تیری مثیل جنت ، ہے تیرا اُسوہ دلوں کی قوت
ہے تجھ پہ قربان عود رحمت عبیرِ ایقاں امیر حمزہ

اے محسنِ دینِ حق تعالیٰ درود تجھ پر سلام تجھ پر
نگاہ رافت بسوئے ناظم، کرم کی برہاں امیر حمزہ

☆......☆......☆